CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 1



THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 53 اتوار 6 رمضان المبارک 1445ھ 17 مارچ 2024ء نمبر 77


# شمالی وزیرستان میں دہشتگردی کا واقعہ قابل مذمت اور افسوس ناک ہے، سرفراز بگٹی

## بزدلانہ واقعات سے سیکورٹی فورسز اور عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر دہشتگردی کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شمالی وزیرستان میں دہشتگردی کا واقعہ قابل مذمت اور افسوس ناک ہے اس طرح کے بزدلانہ واقعات سے سیکورٹی فورسز اور عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے یہاں جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادری سیکورٹی فورسز کے ساتھ ہے پاک فوج نے ہمیشہ جوانمردی سے دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو پائیں گے انہوں نے شمالی وزیرستان میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر شہداء کے بلند درجات اور سوگوار خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

## فورسز کا فعال کردار قیام امن میں معاون ثابت ہوگا' وزیر اعلیٰ بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سبی میں ڈی ایس پی خالد زمان مری کے قتل میں ملوث ملزم کی فوری گرفتاری پر سبی پولیس کے متحرک کردار کو سراہا، یہاں جاری بیان میں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سبی میں ڈی ایس پی کے قتل میں ملوث ملزم کی فوری گرفتاری پر سبی پولیس کے فعال کردار کو سراہتے ہیں، لیویز اور پولیس کا فوری ایکشن اور فعال کردار قیام امن میں معاون ثابت ہوگا اور عوام میں جانی و مالی تحفظ کا احساس پیدا کرے گا انہوں نے کہا کہ صوبے کے کسی بھی حصے میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی اپنی بہادر فورسز کے جوانوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 52 | اتوار 06 رمضان المبارک 1445ھ 17 مارچ 2024ء صفحات 24 | شمارہ 266

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. Mashriqqta2008@gmail | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


# شمالی وزیرستان دہشت گردی واقعہ کی مذمت، پاک فوج نے ہمیشہ جوانمردی سے دہشتگردوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، سرفراز بگٹی

بزدلانہ واقعات سے سیکورٹی فورسز وعوام کے حوصلے پست نہیں ہونگے، دہشت گرد مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے

شمالی وزیرستان میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش، قوم بہادر افواج کے شانہ بشانہ ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر دہشتگردی کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شمالی وزیرستان میں دہشتگردی کا واقعہ قابل مذمت اور افسوس........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ناک ہے اس طرح کے بزدلانہ واقعات سے سیکورٹی فورسز اور عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے یہاں جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سیکورٹی فورسز کے ساتھ ہے پاک فوج نے ہمیشہ جوانمردی سے دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو پائیں گے انہوں نے شمالی وزیرستان میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر شہداء کے بلند درجات اور سوگوار خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

## وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر گرانفروشوں کیخلاف کارروائیاں

پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس، منافع خوروں کیخلاف سختی سے نمٹنے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ماہ رمضان کے موقع پر عوام الناس کو ماہ رمضان کے موقع پر اشیاء خوردونوش......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کی معیاری اور سستی فراہمی کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر نگرانی پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس کی روشنی میں متعدد مجسٹریٹس کو منافع خوروں کے خلاف کاروائی۔کی ہدایات دیں اس سلسلے میں سپیشل مجسٹریٹ (سٹی) احسام الدین کاکڑ نے ٹیم کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں گوالمنڈی چوک اے ون سٹی اور گردنواح میں منافع خورو کے خلاف کاروائی کی اس دوران 51 دکانوں کا معائنہ کیا

## بارکھان، پہاڑی سلسلے کے جنگلات میں لگی آگ شدت اختیار کرگئی

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی کوہلو کے جنگلات میں آگ پر فوری قابو پانیکی ہدایت

کوئٹہ (م ڈ) بارکھان کوہلو سرحدی پہاڑی سلسلے کوہ چاندران کے جنگلات میں آگ لگ گئی۔مقامی ذرائع کے مطابق دوپہر سے پہاڑی علاقے میں لگی آگ......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

نے شدت اختیار کرلی اور ا؟ تشردگی سے نایاب جڑی بوٹیوں، قیمتی درختوں اور جنگلی حیات کو شدید نقصان پہنچا ہے۔مقامی ذرائع نے بتایا کہ آگ لگنے سے قریب واقع آبادی کو بھی خطرہ لاحق ہے۔رہائشیوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر آگ پر قابو پانے کیلئے اقدامات کیجائیں۔کوہلو لیویز ذرائع کا کہنا ہے کہ آگ جس ایریا میں لگی ہے وہ ضلع بارکھان انتظامیہ کے زیر انتظام علاقہ ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 96 | اتوار، 6 رمضان المبارک، 17 مارچ 2024، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# دہشتگرد مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو پائیں گے، وزیراعلیٰ

## شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کے قافلے پر دہشت گردی قابل مذمت، فورسز و عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے

## پوری قوم اپنی بہادر سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، جام شہادت نوش کرنیوالے جوان قومی ہیرو ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر دہشگردی کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شمالی وزیرستان (باقی صفحہ 5 نمبر 38)

میں دہشگردی کا واقعہ قابل مذمت اور افسوس ناک ہے اس طرح کے بزدلانہ واقعات سے سیکورٹی فورسز اور عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے یہاں جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سیکورٹی فورسز کے ساتھ ہے پاک فوج نے ہمیشہ جوانمردی سے دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو پائیں گے انہوں نے شمالی وزیرستان میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر شہداء کے بلند درجات اور سوگوار خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات 6
www.dailyintekhab.PK
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 31 | بروز اتوار 17 مارچ 2024ء بمطابق 6 رمضان المبارک 1445ھ | شمارہ نمبر 77

# دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو پائیں گے، سرفراز بگٹی

**شمالی وزیرستان میں دہشت گردی کا واقعہ قابل مذمت اور افسوس ناک ہے اس طرح کے بزدلانہ واقعات سے سیکورٹی فورسز اور عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے**

**دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادری سیکورٹی فورسز کے ساتھ ہے پاک فوج نے ہمیشہ جوانمردی سے دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کے قافلے پر دہشتگردی کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شمالی وزیرستان میں دہشت گردی کا واقعہ قابل مذمت اور افسوس ناک ہے اس طرح کے بزدلانہ واقعات سے سیکورٹی فورسز اور عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے یہاں جاری ایک بیان بقیہ نمبر 54 صفحہ 5 پر

میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادری سیکورٹی فورسز کے ساتھ ہے پاک فوج نے ہمیشہ جوانمردی سے دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو پائیں گے انہوں نے شمالی وزیرستان میں جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر شہداء کے بلند درجات اور سوگوار خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

Roznama 92 News
786
92
روزنامہ 92 نیوز
کوئٹہ
قیمت 30 روپے
جلد 7 | اتوار 3 رمضان المبارک 1445ھ 17 مارچ 2024ء | شمارہ 180

## قوم، پاک فوج کیساتھ، بزدلانہ حملوں سے حوصلے پست نہیں ہوں گے

سرفراز بگٹی

### شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر حملے کی مذمت، پاک فوج نے ہمیشہ ڈٹ کر مقابلہ کیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

### دہشتگرد مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو پائیں گے، شمالی وزیرستان میں شہید جوانوں کو خراج عقیدت پیش

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر دہشت گردی کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شمالی وزیرستان میں دہشت گردی کا واقعہ قابل مذمت اور افسوس ناک ہے، بزدلانہ واقعات سے سیکیورٹی فورسز اور (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے، گزشتہ روز بیان میں مزید کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم بہادری سیکیورٹی فورسز کے ساتھ ہے، پاک فوج نے ہمیشہ جواں مردی سے دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، دہشت گرد مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو پائیں گے۔

# Nation firmly stands with security forces: Bugti

## Says cowardly terrorist incidents cannot dent morale of Army

**Staff Report**

**QUETTA**: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has condemned the incident of terrorism on the convoy of security forces in North Waziristan and said that such cowardly incidents will not demoralize the security forces and the people in the war against terrorism.

The entire nation stands with the security forces.

Bugti said this in his statement on Saturday. Sarfraz Bugti said that the incident of terrorism in North Waziristan is condemnable.

Balochistan Chief Minister said that the terrorists will never be successful in their nefarious purposes. He paid tribute to the brave soldiers who lost their lives in North Waziristan. Mir Sarfraz Bugti said that the entire nation stands by its brave forces.

At least seven Pakistan Army soldiers including two officers, were killed when six terrorists launched multiple suicide attacks on a security check post in the restive tribal district of North Waziristan bordering Afghanistan on Saturday, the military said.

"As own troops foiled the initial attempt of intrusion the terrorists rammed an explosives-laden vehicle into the post, followed by multiple suicide bombing attacks, which led to the collapse of a portion of a building, resulting into shahadat (martyrdom) of five brave sons of the soil," ISPR added. The martyrs of the initial attack include Havildar Sabir, a resident of District Khyber, Naik Khurshid (resident of District Lakki Marwat), Sepoy Nasir (resident of District Peshawar), Sepoy Raja (resident of District Kohat) and Sepoy Sajjad (resident of District Abbottabad).

"During the conduct of the ensuing clearance operation, own troops led by Lieutenant Colonel Kashif, effectively engaged and killed all six terrorists," ISPR said.

"However, during the intense exchange of fire, leading his troops from the front, Lieutenant Colonel Syed Kashif Ali (age: 39 years, resident of Karachi) and Captain Muhammad Ahmed Badar (age: 23 years, resident of District Talagang), having fought gallantly, paid the ultimate sacrifice and embraced shahadat," ISPR added.

A Lieutenant Colonel and a Captain were killed along with five soldiers. All the six terrorists who attacked the check post in Mir Ali area were shot dead. According to the ISPR statement, after the troops foiled the initial attempt of intrusion, the terrorists rammed an explosives-laden vehicle into the post, followed by multiple suicide bombing attacks. During the subsequent clearance operation, troops effectively engaged and killed all six terrorists. However, during the intense exchange of fire, Lieutenant Colonel Syed Kashif Ali and Captain Muhammad Ahmed Badar were killed the statement said.

# خالی آسامیوں پر شفاف انداز میں بھرتیاں کی جائیں گی، چیف سیکرٹری

## دفاتر میں سروس ڈیلیوری کو بہتر بنائی جائے، غیر حاضری و غفلت برداشت نہیں، شکیل قادر

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں عوام کو بہترین سروس ڈیلیوری کی فراہمی، فائل ٹریکنگ سسٹم، آئی پی ایم ایس، پاکستان سٹیزن پورٹل، دفاتر میں وقت کی پابندی، مختلف محکموں میں خالی آسامیوں پر شفاف بھرتیاں سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات عبدالصبور کاکڑ، چیئرمین پی ایم آئی ٹی دوستین خان جمالدینی سمیت تمام سیکرٹریز نے شرکت کی چیف سیکرٹری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام سیکرٹریز فائل ٹریکنگ سسٹم اور پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کو فوری طور پر حل کرنے پر خصوصی توجہ دیں اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ محکموں میں بھرتی کے عمل میں بے ضابطگیوں اور بدعنوانی کے الزامات کی تحقیقات کے لیے ایک کمیٹی قائم کی گئی ہے اور کمیٹی کو ایک ہفتے کے اندر ہی اپنی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ دفاتر میں ملازمین غیر حاضر پائے گئے جس پر چیف سیکرٹری نے آفیسروں اور ملازمین کی غیر حاضری پر سخت برہمی کا اظہار کیا اور اعلیٰ افسروں کو غیر حاضری افسروں اور ملازمین کے خلاف فوری کارروائی کرنے کی ہدایت کی کہ ملازمین کی اپنے دفاتر میں وقت پر حاضری کو یقینی بنایا جائے، سرکاری دفاتر میں سروس ڈیلیوری کو بہتر بنایا جائے فرائض کی انجام دہی میں سستی اور عدم دلچسپی برداشت نہیں کی جائے گی وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر مختلف محکموں میں خالی آسامیوں پر بھرتیاں صاف وشفاف طریقے سے کی جائیں گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 MAR 2024 Page No. 9


# پولیو کیسز، وفاقی حکومت کا بلوچستان کے 11 اضلاع میں خصوصی مہم چلانے کا فیصلہ

ڈیرہ بگٹی و چمن سے 2 کیسز رپورٹ ہونے کے بعد بلوچستان' پنجاب اور سندھ میں 25 تا 28 مارچ تک خصوصی پولیو مہم چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے

**خصوصی پولیو مہم میں ڈیرہ بگٹی، اوستہ محمد، سبی، حب، چمن، خضدار، کیچ، لسبیلہ، صحبت پور، نصیر آباد، جعفر آباد بھی شامل**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی اور چمن سے پولیو کے 2 کیسز رپورٹ ہونے کے بعد وفاقی حکومت نے بلوچستان کے 11 اضلاع سمیت پنجاب اور سندھ میں خصوصی انسداد پولیو مہم چلانے کا فیصلہ کیا ہے، یہ مہم 25 تا 28 مارچ چلائی جائے گی ذرائع کا کہنا ہے کہ خصوصی پولیو مہم پازیٹو سیوریج سیمپلز والے اضلاع میں چلائی جائے گی، آؤٹ بریک رسپانس پولیو مہم پنجاب، سندھ، بلوچستان میں چلے گی، 26 اضلاع میں 82 لاکھ سے زائد بچوں......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

کی پولیو ویکسی نیشن ہوگی۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے 11، سندھ 8، پنجاب 7 اضلاع میں پولیو مہم چلے گی، فیصل آباد، خیر پور، قصور کے مخصوص ایریاز میں پولیو مہم چلے گی، گھوٹکی، جیکب آباد، کشمور، خیر پور، سکھر، لاڑکانہ، شکار پور، قمبر، ڈی جی خان، ملتان، راجن پور، اوکاڑہ، فیصل آباد، قصور، رحیم یار خان میں پولیو مہم چلے گی۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ڈیرہ بگٹی، اوستہ محمد، سبی، حب، چمن، خضدار، کیچ، لسبیلہ، صحبت پور، نصیرآباد، جعفرآباد میں پولیو مہم چلائی جائے گی واضح رہے کہ پہلا کیس تحصیل سوئی ضلع ڈیرہ بگٹی کے 30 ماہ کے بچے میں وائلڈ پولیو وائرس 1 سامنے آیا اعلامات 22 فروری کو ظاہر ہوئے تھے 28 فروری کو نمونے لیبارٹری بھجوائے گئے۔

## گورنر بلوچستان کا عہدہ، شیخ جعفر مندوخیل کے نام کو حتمی شکل دینے پر غور

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان کا عہدہ، پاکستان مسلم لیگ (ن) نے شیخ جعفر مندوخیل کے نام کو حتمی شکل دینے پر غور شروع کردیا۔ ذرائع کے مطابق نئی حکومتوں کے قیام وفاقی حکومت تمام صوبوں میں اپنے گورنرز کی تعیناتی کرتی ہے سال 2024ء میں عام انتخابات کے بعد حکومت سازی کے مرحلے مکمل......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ہونے کے بعد نئے گورنرز کی تعیناتی بھی کی جائیگی اور اس سلسلے میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی قیادت کی جانب سے بلوچستان کے گورنر کیلئے شیخ جعفر خان مندوخیل کا نام زیر غور ہے

## بلوچستان کی جیلوں کی سیکورٹی بڑھانے کا فیصلہ

**پولیس اور لیویز کی اضافی نفری کی تعیناتی کیلئے محکمہ داخلہ کو مراسلہ لکھ دیا**

**کوئٹہ اور خضدار سمیت دیگر جیلوں کی سیکورٹی میں بھی اضافہ کیا جارہا ہے**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ جیل نے صوبے کی جیلوں کی سیکورٹی بڑھانے کا فیصلہ کرلیا مچ جیل کی سیکورٹی کیلئے پولیس اور لیویز کی اضافی نفری تعینات کیلئے محکمہ داخلہ کو مراسلہ ارسال کردیا گیا صوبے کی جیلوں میں ریفارم لانے کیلئے تجاوز کی تیاری بھی......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

شروع کردی گئی۔ آئی جی جیل بلوچستان شجاع الدین کاسی نے بتایا کہ ضلع بولان کے علاقے مچ میں دہشت گردوں کے حملے کے بعد صوبے کی جیلوں میں سیکورٹی ہائی الرٹ کرنے کا فیصلہ کیا ہے مچ جیل میں جیل کے عملے کے علاوہ ایف سی تعینات کردی گئی ہے جبکہ جیل کی بیرونی سیکورٹی کو مضبوط کرنے کیلئے پولیس اور لیویز کی اضافی نفری کی تعیناتی کیلئے محکمہ داخلہ کو مراسلہ لکھ دیا ہے۔

## مطالبات کیلئے آواز اٹھانے پر مقدمات نئی بات نہیں، اے این پی

**صوبائی صدر اصغر اچکزئی و دیگر کیخلاف مقدمات کی مذمت، حقوق کیلئے جدوجہد جاری رہے گی، بیان**

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، مرکزی یوتھ امیر زسیکرٹری خان زمان کاکڑ ضلع چمن کے صدر عبدالخالق حمل جنرل سیکرٹری سمیع اللہ اچکزئی

صلاح الدین وطن یار چیئرمین گل زمان داو شاہ پڑواک کلیم اللہ حکمت یار عبدالصادق کاریزوال محمد علی مدا اکل جانو عبدالرزاق بابو و دیگر کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مقدمات دائر کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ نقص عامہ کو بنیاد بنا کر مقدمات بنانے والے شاید یہ بھول گئے کہ انہوں نے عوام الناس کی رائے پر ڈاکہ ڈالا، اپنے جائز اور برحق مطالبات کے حق میں آواز اٹھانے والوں کے خلاف مقدمات دائر کرنا کوئی نئی بات نہیں، عوامی نیشنل پارٹی کے کارکن اور قیادت ان جیسے حربوں سے بہت پرانی شناسائی رکھتی ہے۔ دن دیہاڑے عوامی رائے کو تبدیل کرنے کے خلاف کارکنوں نے 21 دن تاریخ سا[illegible] پرامن احتجاج ریکارڈ کرا کر دھاندلی میں ملوث تمام قوتوں پر یہ ظاہر کر دیا کہ چمن کے عوام کی رائے پر ڈاکہ ڈالا گیا۔ ملوث قوتیں اور کردار اپنی خفت کو چھپانے کیلئے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہیں، اے این پی ہر محاذ پر اپنے حقوق کے دفاع کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی بیان میں ناروا مقدمات کی مذمت اور حقوق کے حصول کیلئے تمام فورمز پر آواز بلند کرنے کا اعادہ کیا گیا۔

## کوئٹہ کو مانگی ڈیم سے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، پشتونخوا نیپ

**منصوبے پر اربوں روپے خرچ کئے گئے، نواکلی کو ترجیح دی جائے، بیان**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کوئٹہ شہر اور اطراف میں پینے کے صاف پانی کی قلت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ محکموں سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ پانی جیسی بنیادی ضرورت کی فراہمی کو یقینی بنا کر عوام کو ٹینکر مافیا سے نجات دلائیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ماضی میں کوئٹہ شہر کو پانی فراہم کرنے کیلئے کئی منصوبوں پر کام شروع کیا گیا جس میں کوئٹہ واٹر سپلائی اینڈ انوائرونمنٹل امپرومنٹ پروجیکٹ قابل ذکر ہیں جس کے تحت پورے کوئٹہ میں پائپ لائنیں بچھائی گئیں جس پر اربوں روپے خرچ کئے گئے لیکن کوئٹہ کے عوام کو پانی کی فراہمی ممکن نہ ہوسکی جبکہ ایک خطیر رقم کرپشن کی نذر ہوگئی۔ اب ایک بار پھر مانگی ڈیم اور اس سے آنے والے پائپ لائن پر اربوں روپے خرچ کئے گئے ہیں اور یہی اُمید کی جارہی ہے کہ اس منصوبے کی تکمیل سے کوئٹہ میں فراہمی آب کا مسئلہ کافی حد تک حل ہو جائیگا۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ مانگی ڈیم سے پہلی ترجیح میں نواکلی و گردونواح کی آبادی کو پانی کی فراہمی یقینی بنایا جائے۔

**92 نیوز کوئٹہ**

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی آئینی حیثیت چیلنج، لیگل نوٹس ارسال

**سرفراز بگٹی نگران کابینہ میں 6 ماہ تک وزیرداخلہ رہے، فوری آئندہ انتخابات میں حصہ نہیں لے سکتے**

**سابق نگران وزیرداخلہ وزارت اعلیٰ اور اسمبلی رکنیت سے مستعفی ہوجائیں، حفیظ رخشانی ایڈووکیٹ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی آئینی حیثیت چیلنج کر دی گئی۔ رکن اسمبلی اور وزارت اعلیٰ کیلئے اہل نہیں۔ یہ موقف جمعیت علماء اسلام کے رکن حفیظ رخشانی ایڈووکیٹ بیرسٹر علی طاہر کے توسط سے ارسال کردہ لیگل نوٹس میں اپنایا گیا ہے۔ لیگل نوٹس میں مزید کہا گیا ہے کہ سرفراز بگٹی نگران کابینہ میں 6 ماہ تک وزیرداخلہ رہے، آئین کے مطابق نگران کابینہ کے ارکان فوری طور پر آئندہ انتخابات میں حصہ نہیں لے سکتے اور پاکستان کے قانون کے مطابق نگران حکومت کا غیر جانبدار ہونا ضروری ہے، اس لئے سرفراز بگٹی کا بلوچستان اسمبلی کی رکنیت کیلئے الیکشن میں حصہ لینا غیر آئینی عمل ہے، اور اس رکنیت کی بنیاد پر وزیراعلیٰ کا عہدہ سنبھالنا بھی غیر آئینی ہے۔

**MASHRIQ QUETTA**

## سینٹ انتخابات بلوچستان سے انوار الحق کاکڑ، جان بلیدی سمیت 36 امیدواروں کے کاغذات جمع

**راحیلہ حمید درانی، امان اللہ کنرانی، سعید الحسن مندوخیل، چنگیز جمالی، مولانا عبدالواسع، کہدہ بابر نے کاغذات جمع کرا دیئے**

**مولانا عبدالحق ہاشمی، کرن بلوچ، عشرت بروہی، اعجاز احمد، بی بی کلثوم، راحت جمالی، احمد خان، اورنگزیب کھیتران شامل**

**امان اللہ، بی بی کلثوم، سعید الحسن، کہدہ بابر، شاہزیب درانی، میر چنگیز خان جمالی، احمد خان، اورنگزیب، مولانا عبدالواسع کے نام شامل**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سے سینیٹ کی 11 نشستوں پر انتخابات میں حصہ لینے کے لئے 36 امیدواروں کے کاغذات نامزدگی جمع کروا دیئے۔ ترجمان صوبائی الیکشن کمیشن کے مطابق بلوچستان سے سینیٹ کی 7 جنرل، 2 ٹیکنوکریٹ / علماء اور 2 خواتین کی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

نشستوں پر 2 اپریل کو انتخاب ہوگا اس سلسلے میں امیدواروں کی جانب سے ہفتہ کو کاغذات نامزدگی جمع کروانے کا سلسلہ شام 6 بجے تک جاری رہا۔ ترجمان کے مطابق انتخابات میں حصہ لینے کے لئے 36 امیدواروں کے کاغذات نامزدگی ریٹرننگ آفیسر صوبائی الیکشن کمشنر محمد فرید آفریدی کے پاس جمع کروائے۔ ترجمان کے مطابق کاغذات نامزدگی جمع کروانے والوں میں سابق نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ، نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی، رکن صوبائی اسمبلی راحیلہ حمید درانی، عوامی نیشنل پارٹی کے ایمل ولی خان، سابق وزیر امان اللہ کنرانی، سعید الحسن مندوخیل، پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر میر چنگیز جمالی، جمعیت علماء اسلام کے صوبائی صدر مولانا عبدالواسع، بی اے پی کے ترجمان کہدہ بابر، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا عبدالحق ہاشمی، رکرن بلوچ، عشرت بروہی، حسنہ بانو، اعجاز احمد، بی بی کلثوم، راحت جمالی، احمد خان، اورنگزیب کھیتران، حسین اسلام، سردار الحاج محمد عمر گورگیج، یاسمین، قاری رحمت اللہ، ثناء جمالی، بلال احمد مندوخیل، طارق حسین بگٹی، اختر محمد، یار محمد لہڑی، عطاء الرحمٰن، نصیب اللہ بازئی، مستورہ بی بی، نسیم الرحمٰن ملاخیل، ماہزیب احمد، امجد علی صدیقی، سیدال خان ناصر شامل ہیں۔ واضح رہے کہ بلوچستان میں سینیٹ کی 11 خالی نشستوں پر انتخاب کے لئے کل 78 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی حاصل کئے تھے۔

امان اللہ، کرن، عشرت، حسنہ بانو، اعجاز احمد، بی بی کلثوم، سعید الحسن، جان محمد، کہدہ بابر، شاہزیب درانی، میر چنگیز خان جمالی، احمد خان، اورنگزیب مولانا عبدالواسع، حسین اسلام، سردار الحاج محمد عمر، یاسمین، رحمت اللہ، ثناء جمالی، بلال احمد خان و دیگر کے نام شامل ہے

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 17 MAR 2024 Page No. 11

# گرانفروشوں کی من مانیاں اشیائے خوردنی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

**سبزی اور فروٹ عام آدمی کی پہنچ سے دور، روزانہ کی بنیاد پر گرانفروشوں کیخلاف کارروائیاں کرنے کی ضرورت ہے، شہری حلقے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) رمضان کے دوران مہنگائی کا جن بوتل سے باہر آ گیا، اشیا خورد و نوش کے ریٹ دگنا سے بھی بڑھ گئے، کھانے پینے والی تمام اشیا کے دام کئی گنا زیادہ ہو گئے، سبزی اور فروٹ بھی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہو گیا، شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت خود ساختہ مہنگائی کرنے والوں کے گرد قانون کا شکنجہ سخت کرے، اگر رمضان المبارک کے پہلے عشرہ میں گراں فروشوں پر قابو نہ پایا گیا تو باقی روزوں میں وہ تسلسل کو برقرار رکھیں گے، شہریوں کا کہنا ہے کہ پاکستان میں ماہ مقدس کی آمد کے ساتھ ہی گراں فروش متحرک ہو جاتے ہیں، اس ماہ مبارک میں بجائے اشیا ضرورت کی قیمتوں کو کم کریں ہم الٹا اس میں خود ساختہ اضافہ کر دیتے ہیں تا کہ کوئی غریب آدمی اچھی طرح سے روزہ بھی نہ رکھ سکے، شہریوں نے مزید کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر کو چاہیے کہ وہ اپنے دفتر سے نکلیں اور روزمرہ استعمال ہونے والی اشیا کی روزانہ کی بنیاد پر قیمتیں چیک کریں اور جو دکاندار اضافی قیمت پر سامان فروخت کرتا پایا جائے اسکو بھاری بھرکم جرمانہ کرے تا کہ وہ آئندہ خود ساختہ مہنگائی کرنے کی جرات نہ کرے۔

# بلوچستان کے اکثر یوٹیلیٹی سٹورز میں خوردنی اشیاء کی قلت‘ عوام پریشان

**معیار بھی بہتر نہیں‘ دور دراز علاقوں میں موبائل یوٹیلیٹی سٹورز قائم کرنے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر میں یوٹیلیٹی اسٹورز پر رمضان ریلیف پیکیج پر عملدرآمد شروع ہو گیا، حکومت نے رمضان کے مہینے میں یوٹیلیٹی سٹورز پر اربوں روپے کی سبسڈی دی ہے، صوبے کے اکثر یوٹیلیٹی اسٹورز پر اشیا کی قلت، تفصیلات کے مطابق رمضان ریلیف پیکیج کے تحت مختلف اشیاء پر سبسڈی دی گئی ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹے، چینی، گھی، دال چنا، دال مونگ، دال ماش دھلی، پتی، بیسن، کھجور، شروبات، سفید چنے، باسمتی چاول، سیلا چاول، ٹوٹا چاول، دودھ سمیت دیگر اشیا پر سبسڈی کا اعلان کیا گیا ہے اسکے علاوہ بھی تمام مصالحہ جات پر بھی سبسڈی دی جا رہی ہے دوسری جانب عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف یوٹیلیٹی اسٹورز پر مختلف اشیا کی قلت ہے جسکی وجہ سے عوام خوار ہو رہی ہے اور عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ خوردنی اشیا کا معیار بھی بہتر نہیں صوبے بھر کے یوٹیلیٹی سٹورز کو ڈیمانڈ کے مطابق دالیں، چاول، چینی، پتی، مصالحہ جات و دیگر اشیا فراہم کی جائیں جبکہ اندرون صوبہ کے سٹورز پر ابھی تک رمضان ریلیف پیکج کے تحت سامان نہیں پہنچا انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں موبائل یوٹیلیٹی سٹورز کھولے جائیں تا کہ اس ماہ مقدس میں عوام با آسانی خریداری کر سکیں۔

# استامحمد: گندم کی سرکاری خریداری تاحال تعطل کا شکار، زمیندار پریشان

**محکمہ خوراک کی جانب سے گندم کی خریداری میں دانستہ طور پر تاخیر کی جا رہی ہے، زمیندار ایسوسی ایشن**

استامحمد (نامہ نگار) زمیندار ایسوسی ایشن کے ترجمان حاکم علی جمالی نے جنگ کو بتایا ہے کہ گندم کی سرکاری خریداری تاحال تعطل کا شکار ہے جس سے زمیندار پریشان ہیں محکمہ خوراک کی جانب سے گندم کی خریداری میں دانستہ طور پر تاخیر کی جا رہی ہے گذشتہ چار سال سے محکمہ خوراک کا یہ وطیرہ رہا ہے کہ محکمے کی جانب سے خریداری اس وقت شروع کی جاتی ہے جب زمیندار اور کسان مجبوراً اپنا اناج اونے پونے اوپن مارکیٹ میں فروخت کر چکے ہوتے ہیں انہوں نے بتایا کہ بعد میں محکمہ خوراک زمیندار اور کسان کی بجائے مڈل مین خریداری کر لیتا ہے جس سے زمیندار کو ملنے والا منافع براہ راست بیوپاری کی جیب میں چلا جاتا ہے حکومت کی ناقص پالیسی کی وجہ سے گندم کی کاشت اب خسارے کا سودا بن چکی ہے حکومت کے مبینہ منفی رویے کو دیکھتے ہوا اکثر زمینداروں نے گندم کی کاشت ترک کر کے سرسوں اور دیگر روغنی اجناس کی پر توجہ مرکوز کر لی ہے جس سے نہری علاقوں میں گندم کا کاشت کا رقبہ تشویشناک حد تک سکڑ چکا ہے گندم کی کاشت پر آنے والے اخراجات زمیندار اور کسان کے بس کی بات نہیں رہی ڈی اے پی اور یوریا کھاد کی بلیک مارکیٹنگ اور قیمتوں میں بے تحاشا اضافے نے زرعی شعبے کو دیوار سے لگا دیا ہے جبکہ ڈیزل سمیت زرعی آلات کی بڑھتی ہوئی قیمتیں کسان اور زمیندار کی برداشت سے باہر ہو چکی ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ گندم کی سرکاری قیمت کم از کم پانچ ہزار روپے فی من مقرر کی جائے اور محکمہ خوراک کو خریداری کا پابند کیا جائے۔

# جیل روڈ ہدہ میں تجاوزات کی بھرمار کے باعث پیدل چلنا محال

**سڑک کے اطراف ریڑھی بانوں کا قبضہ، صفائی کی صورتحال دگرگوں، متعلقہ حکام سے توجہ دینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جیل روڈ ہدہ و اطراف میں تجاوزات کی بھرمار سڑک کے دونوں اطراف ریڑھی بانوں کا قبضہ، صفائی کی صورتحال بھی ابتر لوگوں کو مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق جیل روڈ ہدہ میں تجاوزات کی بھرمار ہے مین روڈ کے دونوں اطراف ریڑھی بانوں نے قبضہ کر رکھا ہے جس کی وجہ سے جیل روڈ میں بدترین ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے جبکہ رہی سہی کسر دکانداروں نے دکانوں کا سامان باہر رکھ کر پوری کر دی ہے تجاوزات کے باعث صبح شام اور رات کے اوقات میں گاڑیوں کی طویل اور لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں دوسری جانب جیل روڈ ہدہ و گردونواح کے علاقوں میں صفائی کی صورتحال انتہائی ناگفتہ بہ ہے جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جس سے شدید بدبو اور تعفن پھیل رہا ہے اہل علاقہ نے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور علاقے میں صفائی کی صورتحال بہتر اور تجاوزات کا خاتمہ کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

# کوئٹہ میں فٹ پاتھوں پر قبضے کے سبب پیدل چلنے والوں کو مشکلات کا سامنا

**دوکانداروں نے اپنے سامان فٹ پاتھ پر پھیلا دیا ہے، شہریوں کو مشکلات کا سامنا**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارلحکومت کوئٹہ میں فٹ پاتھوں پر قبضے کے سبب پیدل چلنے والوں کو مشکلات کا سامنا دوکانداروں نے اپنے سامان فٹ پاتھ پر پھیلا دیے ہیں جس کی وجہ سے عام شہریوں بلخصوص خواتین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے میونسپل کارپوریشن قبضہ مافیا کے خلاف کاروائی کریں تا کہ عوام بلخصوص خواتین کو پیدل چلنے میں ..........

بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

آسانی ہو کیونکہ فٹ پاتھ قبضہ ہونے کی وجہ سے پیدل چلنا مشکل ہو جاتا ہے اس حوالے سے عوامی حلقوں نے میونسپل کارپوریشن سے اپیل کی ہے کہ دکانداروں کے فٹ پاتھوں پر قبضے کو ختم کرائے کوئٹہ شہر جو ایک زمانے میں لٹل پیرس کہلاتا تھا اس کی وجہ کوئٹہ شہر میں صفائی تھی لیکن اب صفائی نہ ہونے کی وجہ سے کوئٹہ شہر دنیا کے گندہ ترین شہریوں میں تبدیل ہو گیا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 17 MAR 2024

Page No. 12

# پولیو سے پاک پاکستان کا خواب اس سال بھی پورا نہیں ہو سکے گا

بلوچستان سے رواں برس پولیو کا دوسرا کیس بھی رپورٹ ہو گیا گزشتہ دنوں بلوچستان کے علاقے ڈیرہ بگٹی سے پہلا کیس رپورٹ ہوا تھا جبکہ دوسرا کیس چمن کے علاقے میر علی زئی میں رپورٹ ہوا ہے محکمہ صحت بلوچستان کے مطابق بلوچستان میں 3 سال بعد ڈیرہ بگٹی کے رہائشی ڈھائی سالہ بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی تھی جس کے بعد 24 گھنٹوں میں میر علی زئی میں 4 سال 4 ماہ کے بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ بلوچستان میں پولیو کے قطرے پلانے کی مہم میں یقیناً کوئی نہ کوئی کمی اور عوام کی جانب سے عدم توجہ کے باعث یہ دونوں کیس سامنے آئے ہیں، یہ انتہائی دکھ کی بات ہے کہ پاکستانی بچے اس مرض میں مبتلا ہو کر ساری زندگی کے لیے اپاہج ہو جاتے ہیں اور ان کے والدین سے کوئی پوچھنے والا نہیں کہ انہوں نے اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے کیوں نہیں پلائے؟ ایسے والدین جو اپنے بچوں کو اپاہج بنانے پر تلے ہوئے ہیں انہیں سخت سزا دینی چاہیے کیونکہ ایسے والدین کی وجہ سے ہی پاکستان میں یہ بیماری پھیل رہی ہے اور دنیا بھر میں ملک کی بدنامی کا باعث بن رہی ہے۔

پاکستان جیسے غریب ملک میں جس کے پاس اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے لیے بھی پیسے نہیں ہیں، ایسے میں امریکی شہری کی جانب سے مہیا کردہ امداد پر بچوں کو پولیو کی ویکسین پلائی جاتی ہے، اب اگر پھر بھی عوام جان بوجھ کر اپنے بچوں کو یہ ویکسین نہ پلائیں اور مستقبل میں پاکستان کے لیے خطرے کا باعث بنے تو ایسے والدین کے ساتھ کیا کیا جانا چاہیے؟ عوام کو سوچنا ہو گا کہ آج اگر امریکی شہری ہمیں امداد دینا بند کر دے تو ہم تو اس قابل بھی نہیں کہ پورے پاکستان کے کروڑوں بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا سکیں۔ پھر اگر یہ بیماری باقی رہ گئی اور امداد دینے والے نے امداد دینا بھی بند کر دی تو پاکستان کا کیا حال ہو گا، اور ایسی مہلک بیماریوں کی وجہ سے پاکستانی شہریوں پر بیرون ملک سفر پر بھی پابندی عائد ہو سکتی ہے، دنیا کو کیا پڑی ہے کہ ہمارے ملک سے بیماریاں اپنے ملک منتقل کرے۔ ماضی میں کچھ ممالک نے سختی کی تھی اور پاکستانی شہریوں کے لیے ایئرپورٹ پر پولیو کے قطرے پینا لازمی قرار دے دیا تھا۔

پاکستان عوام کو سمجھنا ہو گا کہ منفی پروپیگنڈوں کا شکار ہو کر پولیو وائرس کی ویکسین نہ پلانے کے باعث ان کے بچے ساری زندگی کے لیے اپاہج ہو جاتے ہیں، ملک میں پروپیگنڈہ پھیلانے والے ضروری نہیں کہ پاکستانی شہری ہی ہوں، یہ پروپیگنڈہ بعض اوقات بیرون ملک مقیم غیر ملکی شہری جعلی آئی ڈیز بنا کر بھی کرتے ہیں تاکہ پاکستانیوں کو بے وقوف بنائیں اور ان کو زندگی بھر کے لیے اپاہج اور دنیا بھر میں بدنام کر سکیں اور اس سے بڑے افسوس کا مقام تو یہ ہے کہ پاکستانی بہت جلد پروپیگنڈے کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ پولیو وائرس سے بچاؤ کی ویکسین کے بارے میں ایک منفی پروپیگنڈہ یہ بھی ہے کہ اس سے بچے پیدا کرنے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے، یہاں حال یہ ہے کہ ہر سال بچے پیدا ہوتے ہیں، ہر مرد کے کم سے کم 3 بچے تو ہوتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ تو یہاں 12،12 بچے بھی ہیں، چار، پانچ تو مرد و عورت کے بچے ہیں، عوام کو سوچنا چاہیے، بچے پیدا کرنے کی صلاحیت اس ویکسین سے زیادہ تو گٹے اور ماوے (تمباکو) سے کم ہوتی ہے، وہ تو ملک کے بیشتر نوجوان صبح و شام کھا رہے ہیں۔

پولیو سے پاک پاکستان کے لیے حکومت کے ساتھ ساتھ عوام کو بھی بھرپور کوشش کرنی ہو گی۔ عوام کو یہ سمجھنا ہو گا کہ اپنے بچوں کو ساری زندگی کے لیے اپاہج ہونے سے بچانا ان کی بھی ذمے داری ہے، محض پولیو ویکسین کے خلاف ہونے والے پروپیگنڈے کا شکار ہو کر اپنے بچوں کو اس مہلک بیماری کے ہاتھوں اپاہج ہونے کے لیے چھوڑ دینا انتہائی غلط عمل ہے۔ اس بیماری کے حملے کے بعد پولیو کا شکار بچے ساری زندگی عام انسان کی طرح چلنے پھرنے اور کام کرنے کی صلاحیت سے محروم ہو جاتے ہیں۔ لہذا اس کا تدارک سب نے مل کر کرنا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان نیوز

Bullet No. 5

Dated: 17 MAR 2024 Page No. 13


## ماہ رمضان المبارک اور مہنگائی کا بڑھتا طوفان، عوام کہاں جائیں؟

ہر چند کہ حکومت اور انتظامیہ نے متعدد بار ماہ مقدس کے دوران عوام کو ریلیف دینے کے لئے دوٹوک اقدامات کا عزم ظاہر کیا تھا اور اس بات میں کوئی شک وشبہ بھی نہیں کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں اتحادی حکومت نے ملکی تاریخ کا سب سے بڑا رمضان ریلیف پیکج بھی دیا ہے مگر اس کے باوجود عوام بڑھتی ہوئی مہنگائی اور گرانفروشی کے باعث پریشانی سے دوچار ہیں اس بات کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ رمضان المبارک کے پہلے ہفتے کے دوران مہنگائی میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور اس کا اعتراف خود ادارہ شماریات کی رپورٹ میں بھی کیا گیا ہے۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق رمضان المبارک کے پہلے ہفتے کے دوران مہنگائی میں 1.35 فیصد اضافہ دیکھا گیا رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے 18 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق مہنگائی کی سالانہ شرح 32.89 فیصد تک پہنچ گئی ہے یہ ایک بہت بلند شرح ہے اور اس کو نیچے لانے کے لئے حکومت کو چاہئے کہ وہ دوٹوک اقدامات اٹھائے مہنگائی کے ستائے ہوئے عوام ریلیف کے لئے حکومت وقت سے بہت امیدیں اور توقعات باندھے ہوئے ہیں ہمیں اچھی اندازہ ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں اس موجودہ حکومت کو آئے ہوئے بھی محض چند ہی دن ہوئے ہیں اور یہ بھی عین حقیقت ہے کہ موجودہ حکومت کو غیر معمولی حالات میں عنان اقتدار سنبھالنا پڑا مگر عوام کہاں جائیں؟ انہیں ریلیف چاہئے اور اس کے لئے وہ حکومت سے امیدیں وتوقعات باندھنے میں حق بجانب ہیں موجودہ حکومت کو جہاں ایک طرف ترقیاتی اقدامات کا تسلسل برقرار رکھنا ہے وہاں عوام کی فلاح وبہبود کے لئے بھی مثالی کام کرنے کی ضرورت ہے گرانفروشی کے تدارک اور عوام کو گرانفروش مافیا کے چنگل سے آزاد کرنے کی ذمہ داری بھی موجودہ حکومت ہی پر عائد ہوتی ہے گرانفروش اور ذخیرہ اندوز مافیا کسی رعایت کا مستحق نہیں ان کے باعث عوام کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے جبکہ پہلے سے مہنگائی نے عوام کی چیخیں نکال کر رکھ دی ہیں مہنگائی کی اگر بات کریں تو بلوچستان سمیت ملک بھر میں مہنگائی بدستور قابو سے باہر اور ہر چند کہ وفاقی حکومت مہنگائی میں کمی اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لئے اقدامات اٹھا رہی ہے لیکن تلخ حقیقت یہی ہے کہ تمام تر حکومتی اقدامات، وعدوں اور دعوؤں کے باوجود نہ صرف یہ کہ عوام کی مشکلات اور پریشانیوں میں کمی نہیں آرہی بلکہ ان میں مزید اضافہ بھی ہو رہا ہے جو کسی المیے سے کم نہیں۔ سو لازم ہے کہ مہنگائی میں کمی، معاشی استحکام اور ترقیاتی اہداف کے لئے پہلے سے جاری اقدامات میں مزید تیزی اور وسعت لائی جائے ساتھ ہی ساتھ مہنگائی اگر سردست کم نہیں ہوتی تو نہ سہی کم از کم گرانفروشی کے خلاف تو ملک گیر کریک ڈاؤن کیا جائے کیونکہ عوام اس وقت ایک طرف مہنگائی دوسری جانب گرانفروشی سے بھی نبرد آزما ہیں دہری اذیت نے عام آدمی سے سفید پوشی کا بھرم چھین لیا ہے جہاں تک ہمارے صوبے بلوچستان کا تعلق ہے تو ہمارے صوبے میں گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ ایسے مسائل کچھ زیادہ ہی ہیں مہنگائی کے ساتھ ساتھ گرانفروشی بھی صرف بلوچستان نہیں مجموعی طور پر پورے ملک کا مسئلہ ہے مہنگائی پورے ملک میں یکساں ہے تاہم گرانفروشی کا مسئلہ کہیں کم کہیں زیادہ ہے بلوچستان میں یہ مسئلہ زیادہ شدت کے ساتھ موجود ہے کوئٹہ میں ماہ مقدس سے پہلے ہی گرانفروشوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ شروع ہوا تھا جس سے شہریوں میں اطمینان پایا جاتا ہے تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ دیگر اضلاع میں بھی بالخصوص [illegible] میں گرانفروشوں کے خلاف خصوصی مہم شروع کی جائے [illegible] مہنگائی کے ستائے ہوئے عوام کو تھوڑا بہت ریلیف ملنے کی توقع ہے [illegible] میں ہماری تجویز یہ ہے کہ صوبائی حکومت تمام ڈویژنل افسران کو خصوصی تاکید کرے کہ وہ یونین کونسل یا کم از کم تحصیل سطح سے کارروائیاں کر کے ضلعی انتظامیہ ڈویژنل اور ڈویژنل انتظامیہ صوبائی حکومت کو ان کارروائیوں کی رپورٹ وقتاً فوقتاً دیتی رہے تاکہ عوام کی مشکلات میں کمی لائی جاسکے۔ اٹھائے گئے ان اقدامات کو سراہتے ہیں اور اس امید اور توقع کا اظہار کرتے ہیں کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا سو لازم ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت پورے صوبے میں گرانفروش مافیا کو نکیل ڈال کر قانون کے کٹہرے میں لانے کے لئے مزید سخت اقدامات کئے جائیں کہ صرف کوئٹہ ہی نہیں بلکہ اندرون صوبہ بھی ایسی ہی کارروائیاں کی جائیں بلوچستان میں کسی زمانے میں پرائس کنٹرول کمیٹیاں فعال تھیں تب، پھر بھی صورتحال کسی حد تک قابو میں تھی لیکن بدقسمتی سے اب پرائس کنٹرول کے لئے ریگولر بنیادوں پر اقدامات کا فقدان ہے۔ روزانہ کی بنیاد پر یا کم از کم ہفتہ وار بنیادوں پر اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کر کے گرانفروشی کے تدارک کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لینے کی اشد ضرورت ہے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ملک اور صوبے کے عوام کی بہت زیادہ امیدیں وابستہ ہیں انہیں اس بابت وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے گرانفروش تو خیر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف موثر کریک ڈاؤن اشد ضروری ہے ساتھ ہی ساتھ مہنگائی پر قابو پانے کے حوالے سے بھی جامع اقدامات ناگزیر ہیں بالخصوص اس ماہ مقدس میں عوام ریلیف کے لئے حکومت کی طرف دیکھ رہے ہیں امید ہے کہ حکومت انہیں مایوس نہیں کرے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 17 MAR 2024 Page No. 14

# Recurrence of Polio in Balochistan

Balochistan, a land finds itself battling a familiar foe the crippling poliovirus. After three years of hard won progress, the recent detection of two polio cases, one each in Dera Bugti and Chaman, serves as a glaring and stark reminder that the fight for eradication is far from over. These cases, involving children aged 2.5 and 4 years, highlight a crucial vulnerability. Both children had received the oral polio vaccine (OPV), yet the virus managed to breach their defenses. This point towards two key possibilities: either incomplete vaccination coverage within their communities, or the presence of a weakened immune response in the children themselves. The specter of polio looms large over Balochistan. Over the past decade, the province has witnessed 56 cases, with a peak of 26 in 2020. The absence of cases in 2022 and 2023 offered a glimmer of hope, tragically shattered by the recent developments. The presence of the virus in environmental samples from Quetta, Pashin, Chaman, Hub, Sabi, Nasirabad, Mastung, Kech, and Dera Bugti further underscores the precarious situation. The poliovirus, a highly contagious villain, thrives in environments with poor sanitation. It makes its way into the human body through the digestive system, often transmitted through contaminated water or fecal matter. This harsh reality highlights the critical need for improved sanitation infrastructure in Balochistan, alongside robust vaccination campaigns. While the ideal scenario would be for every child to develop strong immunity after receiving 5-6 doses of the OPV, the reality in Balochistan is often different. Weaker immune systems in some children might require upwards of 10 doses for complete protection. This emphasizes the necessity of repeated vaccination drives, ensuring every child receives the required number of doses.

The oral polio vaccine, a convenient and efficient tool, offers a first line of defense. However, it is important to remember that the virus, after being shed in the stool, can potentially regain some activity in the environment for a few weeks after vaccination. This underscores the importance of achieving high overall vaccination coverage within communities to break the transmission chain definitively. The

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 17 MAR 2024 Page No.________




گورنر عبدالولی کاکڑ، ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ، مولوی گل حسن، جعفر مندوخیل، مولانا ہاشمی، مولانا انوار الحق حقانی ودیگر ایرانی قونصل جنرل کے افطار ڈنر میں شریک ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کو ایران کے قونصل جنرل حسن درویش وند سوینئر دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ کو ایران کے قونصل جنرل حسن درویش وند تحفہ دے رہے ہیں